# مدنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات

(قسط ششم 6)





**مدنی چینل** دعوتِ اسلامی کا ایک نیا اندازِ تبلیغ ہے۔ 9

**مدنی چینل** کامیابی و فلاح کے راستوں میں لوگوں کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا کر رہا ہے۔ 13

**مدنی چینل** خواص اہلسنت کے لیے بالخصوص اور عوام کے لیے بالعموم بہت بڑی خوشخبری ہے۔ 16

**مدنی چینل** کا آغاز دعوتِ اسلامی کا بہت ہی بَروقت، منفرد اور خصوصی کارنامہ ہے۔ 42

**مدنی چینل** فحاشی و عریانی کی اندھیر نگری میں راہِ ہدایت کا روشن چراغ ہے۔ 44



مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)

SC 1286

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ
اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ؕ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شَخصیّات کے تَاثُرات کے اقتِباسات (قسط 6)

## دُرُودِ پاک لکھنے کی فضیلت

**خَلق** کے رہبر، شافِعِ محشر، محبوبِ داوَر عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ مغفِرت نشان ہے: جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا تو جب تک میرا نام اُس میں رہے گا فِرِشتے اُس کے لئے **اِستِغفار** کرتے رہیں گے۔

(اَلۡمُعجَمُ الۡاَوۡسَط ج١ ص٤٩٧ حدیث ١٨٣٥ دارالکتب العلمیة بیروت)

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(291) حضرت مولانا حکیم الحاج غلام مصطفٰی نقشبندی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فیضِ روحانی دواخانہ، مدینہ مارکیٹ کلر کہار، ضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

**حضرت علامہ محمد الیاس عطّارؔ قادری** صاحب جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کی بنیاد رکھی تھی۔ آج دُنیائے اِسلام میں عاشقانِ رسول ایک عظیم اِسلامی اِیمانی

قوت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بندۂ ناچیز ملتان شریف میں ہونے والے اِجتماع میں حاضر تھا، وہاں پر **مَدَنی چینل** کے متعلق اہلِ ملتان کا جوش قابلِ دید تھا۔ ہر گھر، ہر ہوٹل اور ہر دُکان پر **مَدَنی چینل** سے صدائے عشقِ رسُول گونج رہی تھی۔ **مَدَنی چینل** سے عورتوں کی مشکلات کم ہوئیں۔ گھر میں بیٹھ کر عورتیں، بچے اور بوڑھے لوگ بے حد محظوظ ہوئے۔ **مَدَنی چینل** ہمارے دِل کی آواز تھی جو سرکارِ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلے سے **اللہ** تعالٰی نے پوری فرمادی۔ اب لاکھوں گھروں میں یہ چینل عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی کرنیں بکھیر رہا ہے۔ اس کے متعلق لکھنے کو تو بَہُت کچھ لکھا جا سکتا ہے۔ آخری بات ڈاکٹر اقبال کے شعر پر ختم کرتا ہوں:

قوتِ عشق سے ہر پَست کو بَالا کردے
دَہر میں عشقِ **مُحمَّد** سے اُجالا کر دے

ہمیں یقین ہے کہ **مَدَنی چینل** سے عشقِ محمد صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی روشنی اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہر مسلمان کے دِل کو تازگی عطا کرے گی۔ قبلہ حضرت علامہ محمد الیاس العطّار قادری صاحب سمیت تمام اہلِ عشق کو میرا اسلام ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (292) حضرت مولانا قاضی محمد احسان اللہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رکن مجلس عاملہ تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان، دارالعلوم عربیہ پھام گلی اوگی، ضلع مدنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے قیام پر دِلی مُسرَّت اور اِطمینان حاصل ہوا۔ میڈیا کے دور میں اس طرح کے چینل کی اَشد ضرورت ہے۔ اگر اہلِ سُنَّت نے وقت کے تقاضوں کا خیال نہ کیا تو باطِل کا مقابلہ مشکل ہوگا۔ مَیں **دعوتِ اسلامی** کی مجلسِ شوریٰ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جس نے اس اَہم ضرورت کا اِحساس کیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کو ہر میدان میں کامیابی نصیب فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (293) حضرت مولانا حافظ غلام حسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد ضیاء النبی، دارالعلوم ضیاء القرآن بلال آباد، تحصیل تلہ گنگ، ضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کا پروگرام بَہُت ہی اچھا ہے۔ اس پروگرام کی بَہُت ہی اَشد ضرورت ہے۔ اور یہ کافی حد تک مُفید ثابت ہو رہا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہِ اقدس میں حُضُور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل مُلتَجِی ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس تحریک کو

دِن دُونی رات چوگنی ترقّی نصیب فرمائے، آمین۔

اپنے منشور میں امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز فرمایا ہے۔ یہ بَہُت ہی قابلِ تحسین ہے اور وقت کا اَہم تقاضا تھا۔ ہماری نوجوان نسل اور خواتین جو ٹیلی ویژن کے بَہُت ہی دِلدادہ ہیں۔ وہ جب اِس کو دیکھتے ہیں تو آپس میں گفتگو کرتے وقت اس چینل کا خُصُوصی ذِکر کرتے ہیں۔ اور ان کے اَذہان عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے متأثر ہورہے ہیں۔ گویا **مَدَنی چینل** ہمارے معاشرے میں تریاق ثابت ہورہا ہے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کو قبول فرما کر مزید بَرَکتوں سے نوازے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (294) حضرت پیر محمد طفیل انور نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(معصومی مکان نمبر 1861، ڈاکٹر چوک، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

آپ کے اِجراء کردہ **مَدَنی چینل** کا کیا کہنا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دین کی خدمت کا بہترین اور اَنمول طریقہ ہے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس میں مزید ترقّی دے۔ اس چینل پر بَہُت اچھے پروگرام ہوتے ہیں۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو اس کا

اجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (295) حضرت مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ وبرادرِ اصغر خلیفہ مفتی اعظم ہند ومحدث اعظم پاکستان مفتی جلال الدین قادری علیہ رحمۃ اللہ الغنی

مدرس ومفتی دار العلوم سُلطانیہ کالا دے، جہلم، پنجاب، پاکستان)

ٹی وی کی تباہ کاریاں محتاجِ بیان نہیں۔ **مَدَنی چینل** کا اِجراء اس کے بُرے اثرات کو کم کرنے کی ایک مبارک کوشش ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوبِ پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل **دعوتِ اسلامی** کی دِینی اور اِصلاحی کوششوں کو قبول فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (296) حضرت مولانا محمد ریاض قصوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ تعلیمات جامعہ اسلامیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اِس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دُنیائے اِسلام کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کھول کر فحاشی وعُریانی وبدعقیدگی کے سامنے بند باندھنے کی

کوشش کی ہے اور ایک بَہُت بڑا خلاء جو دعوت و تبلیغ کے حوالے سے نظر آ رہا تھا اس کو صحیح معنوں میں پُر کرنے کی سعی کی ہے۔ یقیناً یہ بَہُت بڑا اجہاد ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقۂ جلیلہ سے اس کاوِش کو قبول فرمائے اور اس میں خیر و بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (297) حضرت مولانا محمد رفیق انجم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ جامعہ عثمانیہ رضویہ، خطیب جامع مسجد عثمانِ غنی بلاک Z، نیو سیٹلائٹ ٹاؤن گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

**صورتِ احوال آ نکہ!** عصری تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اہلسنّت کی عظیم جماعت **دعوتِ اسلامی** نے سیٹلائٹ اور کیبل پر **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے غلامانِ رسُول پر اِحسانِ عظیم کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** آج کے میڈیا کی سیلابی یلغار میں بارانِ رحمت کا خوشگوار اضافہ ہے۔ جو یقیناً اسم بامُسمّٰی ہے۔ اللہ کَرِیم عَزَّوَجَلَّ اسے صدقۂ نعلین مُصطفوِی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم دِن دُونی رات چوگنی ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (298) حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال، ضلع میر پور، کشمیر)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس گئے گزرے اور پُر فِتَن دور میں **دعوتِ اسلامی** کا کام دعوت و تبلیغِ قرآن وسُنَّت کے سلسلہ میں مثالی ہے، لیکن **مَدَنی چینل** کے ذریعے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی محبت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کا جو اِہتمام کیا گیا ہے یہ مَاشَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِنتہائی شانداراوراہم قدم ہے، جس سے لوگوں کی اِصلاح اوران کے دِلوں میں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اوراس کے پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی محبت پیدا ہوگی اورلوگ اِس پُر فِتَن دور میں ٹی وی کی تباہ کاریوں سے بچ کراس سے فوائد حاصل کرسکیں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس سعی کو اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کے وسیلہ سے قبول فرمائے اوراس چینل کوعوام وخواص کے لیے مُفید بنائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (299) حضرت مولانا عبدالرزاق جامی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال، ضلع میر پور، کشمیر)

**انہوں** نے حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی**

**چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (300) حضرت مولانا محمد عظیم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعۃ الحسن رٹہ، ڈڈیال، ضلع میر پور، کشمیر)

**انہوں** نے بھی حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (301) حضرت مولانا سید اعجاز حسین شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(لیکچرر کمپیوٹر الحسن ماڈل کالج اینڈ کمپیوٹر سائنس رٹہ، ڈڈیال ضلع میر پور کشمیر)

**انہوں** نے بھی حضرت مولانا محمد معروف الرشید مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (302) حضرت مولانا حافظ محمد صابر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ کمالیہ انوار العلوم غوثیہ، عیدگاہ روڈ، قبولہ شریف، ضلع پاکپتن، پنجاب، پاکستان)

آج ہی بازار میں ایک دُکان پر **مَدَنی چینل** کو سُنا اور دیکھا اور **دعوتِ اسلامی** کی اس کاوِش پر اِنتہائی خوشی ہوئی۔ دُعا ہے کہ مالکِ کریم عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** سے وابستہ ہر ہر فرد کو نظرِ بد سے بچائے اور ان کے سینے کو اپنی اور اپنے پیارے حبیبِ پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبتوں سے مَعْمُور فرمادے۔ حضرت صاحب پر اور زیادہ رحمتوں کی بارشیں ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !  صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (303) حضرت مولانا پیرزادہ اقبال احمد فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر ماہنامہ ''جہانِ رضا'' وسر پرست مرکزی مجلسِ رضا و مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

**دعوتِ اسلامی** کے سُنّتوں بھرے اِجتماع منعقدہ ملتان میں ملکِ شام سے آنے والے عُلمائے کرام کی شرکت بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آپ حضرات کی مہربانی سے اِن حضرات کی مکتبہ نبویہ لاہور میں تشریف آوری باعثِ اِفتخار اور تشکّر رہی۔ یہ آپ کی خُصُوصی توجہ سے ہوئی تھی ، یہ بات **دعوتِ اسلامی** کی عالمی سطح پر اہلِ علم و فضل کے ہاں پذیرائی کی علامت ہے۔ **مَدَنی چینل** **دعوتِ اسلامی** کا ایک نیا اندازِ تبلیغ ہے۔ جسے رات کے وقت بعض مواقع پر دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے۔ میرا خیال ہے اب عالمی سطح

پر لوگ اس **مَدَنی چینل** کو دیکھ سکیں گے اور دینی مسائل سے واقِف ہوں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (304) حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رُکنِ اسلامی نظریاتی کونسل کشمیر و بانیٔ تحریک اصلاحِ اُمّہ بارل، ضلع سدھنوتی، کشمیر)

دورِ حاضر میں اِلیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بے حیائی و فحاشی کا ایک سیلاب رواں تھا۔ جس سے ہر گھر میں گمراہی پھیل رہی تھی۔ ایسے حالات میں امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس قادری صاحب نے عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی سے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اس طوفانِ بلاخیز کا رُخ اِصلاح اُمّہ کی طرف موڑ کر قابلِ رشک اِقدام فرمایا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بانیٔ تحریک کے خُلُوص اور عشقِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تاثیر سے ایک جہاں مُستَفِیض ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (305) حضرت مولانا خدا بخش مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ محمدیہ فریدیہ انوار الاسلام، نزد لاری اڈا، شہر لودھراں، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت خوشی ہوئی ہے کہ **مَدَنی چینل** محبت

رسُول صَلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا درس دے رہا ہے۔ عالمِ اسلام میں لِوَاءُ الحَمْد لہرا رہا ہے اور یہ **دعوتِ اسلامی** کے لیے مُفید ہوگا، بَہُت بہتر کاوش ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے ذریعے دینِ متین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (306) حضرت مولانا آس محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم حسنیہ قادریہ سعیدیہ، نزد سبزی منڈی، بیرون ملتان گیٹ، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

**بِلاشُبہ دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** اہلِ سُنَّت وجماعت کے لیے بالخصوص ایک عظیم تُحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اسلام کے پیغام کو دُنیا کے ہر خِطّے تک باآسانی پہنچایا جاسکتا ہے۔ **اللّٰہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** اور اس کے تحت چلنے والے تمام شعبوں کو ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (307) حضرت مولانا مفتی غلام سرور چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ، اِسلام پورہ روڈ، تحصیل کلورکوٹ، ضلع بھکر، پنجاب، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر اِنتہائی مُسرَّت

ہوئی ہے۔آج کے اس پُر فِتن ، بدعقیدگی اور بے عملی کی یلغار کے دور میں دینِ مَتین اورمَسلکِ حقہ اہلسنّت کی صحیح اشاعت وترویج میں بڑی مدد ملے گی۔**دعوتِ اسلامی** کی یہ سعی جمیلہ قابلِ تحسین ہے،**اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ**۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (308) حضرت پیر خواجہ حافظ محمد جمال مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ سلیمان تونسوی،تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازی خان، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** دیکھ کر میرے دِل کو تسکین ملتی ہے۔**اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو دین کی خدمت کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے اورآپ کے اِدارہ کو مزید ترقّی عطا فرمائے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (309) حضرت مولانا محمد مشتاق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، بازار والی، تحصیل چوا سیدن شاہ، چکوال، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** نے جس طرح نوجوان نسل کو اپنے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے **اقوال وافعال** سے روشناس کرانے

کا مبارک کام شروع کیا ہے، وہ لائقِ صد تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کی خدمت کوقبول فرمائے اور اسے مزید ترقّی عطا فرمائے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** اور امیرِ اہلسنّت مولانا **محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی مساعیٔ جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی اور رات چوگنی ترقّی عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت عم فیوضہم کو عمر دراز عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (310) حضرت مولانا حافظ عمر فاروق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر روزنامہ پریس نیوز، سردار آباد (فیصل آباد) پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کامیابی وفلاح کے راستوں میں لوگوں کی زندگی میں عظیم اِنقلاب برپا کررہا ہے۔ بڑھتی ہوئی بے حیائی، فحاشی، لچر ڈانس اور گھٹیا اَخلاق سوز پروگراموں میں ٹی وی چینلز نے اَہم کردار ادا کیا۔ نوجوانوں کے اندر سے اخلاق و تہذیب کا جنازہ نکال دیا۔ والدین اور دردِ دل رکھنے والے مسلمان اِنتہائی پریشان تھے کہ ملک وقوم کے مستقبل کے معمار ایسی گھٹیا ڈگر پہ چل نکلے کہ آنے والے وقت میں وطنِ عزیز کا مستقبل ڈراؤنا خواب محسوس ہو رہا تھا۔ ایسے میں اللہ ربُّ العزّت نے

قوم پر اِحسان فرماتے ہوئے **مولانا الیاس قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے وسیلہ سے **مَدَنی چینل** جیسی نعمت عطا فرمائی۔ **مَدَنی چینل** اِصلاحی بیانات، خشوع وخضوع والی عبادتوں اور رِقّت انگیز دُعاؤں سے لوگوں کی زندگی میں عظیم اِنقلاب برپا کررہا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کومزید ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (311) حضرت مولانا پیر حبیب اللہ قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم قادریہ رضویہ، اسبنڑ بازار، تحصیل ادینزئی، ضلع دیرلوئر، سرحد، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ سُن کر بڑی خوشی ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** والوں نے نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کو عام کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ یہ وقت کا اَہم تقاضا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حالات بدلتے جارہے ہیں۔ ایک زمانہ ایسا تھا کہ تیروتلوار وغیرہ سے کام لیا جاتا تھا، اس جدید دور میں اب اگر انسان وہی پُرانے ہتھیار اِستعمال کرنا چاہے تو کچھ فائدہ نہیں بلکہ اب ایٹمی دور ہے۔ بالکل اسی طرح کا معاملہ ہے آج کل ہر گھر میں ٹی وی

وغیرہ لگا ہے اس پر فحاشی کی جو تعلیم دی جارہی ہے اس کا توڑ یہی **مَدَنی چینل** ہے۔ اللہ جلَّ شانہٗ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے **دعوتِ اسلامی** والوں کو ہر جائز Field میں دن دُونی رات چوگنی ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (312) حضرت مولانا حافظ سُلطان محمود علوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد بلال، کلر کہار، ضلع چکوال، پنجاب، پاکستان)

یہ سُن کر اِنتہائی مُسرَّت و اِطمینان ملا کہ **دعوتِ اسلامی** نے موجودہ دور کی ضرورت کا اِحساس کرتے ہوئے **مَدَنی چینل** شروع کیا ہے۔ موجودہ دور میڈیا کا دور ہے۔ ٹی وی کے ذریعے ہر گھر تک پیغام پہنچانا وقت کی ضرورت ہے۔ میرے خیال میں یہ کام پہلے ہوجانا چاہیے تھا۔ بَہَر حال ''دیر آید دُرُست آید'' اللہ عَزَّوَجَلَّ حضرت امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا سایہ تادیر قائم رکھے اور آپ کا فیض عام فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (313) حضرت مولانا مفتی محمد شفیع باروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکز اہلسنّت و جماعت، جامع مدنی، عیدگاہ کلورکوٹ، بھکر، پنجاب، پاکستان)

اِس پُر فِتَن دور میں **مَدَنی چینل** عوام النّاس کے لئے بَہُت ہی مُفید ہے اور اسلامی بھائیوں کا مدنی حُلیہ میں بیانات کرنا عالَمِ اِسلام کے لیے احیاءِ سُنَّت ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی زندگی میں بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (314) حضرت مولانا محمد طاہر الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ انوار الاسلام، محلّہ بشیر آباد، وارڈ نمبر 14/C، کوٹ ادو، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** خواص اہلسنّت کے لیے بالخصوص اور عوام کے لیے بالعموم بَہُت بڑی خوشخبری ہے۔ امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس قادری جس طرح دینِ اسلام اور مَسلکِ اہلسنّت کے لیے کام کررہے ہیں قابلِ صد افتخار ہے اور ہمیں **دعوتِ اسلامی** نے نظریاتی طور پر مضبوط کردیا ہے۔ اب لوگ **مَدَنی چینل** کو بڑی دِلچسپی کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ یہ ضلالت کے خلاف جہاد ہے اور آج میڈیا کا دور ہے۔

**دعوتِ اسلامی** نے وقت کے تقاضوں کو پورا کیا۔ اِس طرح دِین کا پیغام پوری دُنیا تک پہنچانے میں مدد ملے گی، آخر میں صرف میں اِتنا کہوں گا کہ

**اے دعوتِ اسلامی والو! آپ سلامت رہیں، تا قیامت رہیں۔**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (315) حضرت پیر صاحبزادہ بشیر احمد مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(آستانہ عالیہ ٹبہ شریف P/o ترگ شریف، تحصیل عیسٰی خیل، ضلع میانوالی، پاکستان)

**مَدَنی چینل** وقت کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اچھی کوشش ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (316) حضرت مولانا محمد منظور احمد مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ برکاتیہ، مظفر آباد، کشمیر)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰه** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجراء سے میڈیا میں اِسلامی اِقدار کو فروغ ملے گا۔ اور مِسلک حقّہ اہلسنّت و جماعت کے نظریات و معاملات کو عوام النّاس تک پہنچانے کا ذریعہ ہوگا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس طرح کے اور کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (317) حضرت پیر حاجی سید حبیب سلطان شاہ قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ غوثیہ یوسفیہ، جیل روڈ ہدہ، کوئٹہ، بلوچستان، پاکستان)

**مَدَنی چینل** وقت کی از حد ضرورت ہے اِس پُر فِتَن دور میں باطِل کا جواب ضروری تھا۔ دعوتِ اسلامی مَسلکِ اہلسنّت کے لیے دن دُونی رات چوگنی کوشش کررہی ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کو اور رنگ لگائے اور زیادہ روشن کرے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (318) حضرت مولانا محمد اسرائیل نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ دارالعلوم دعوۃ الاسلامیہ، ضلع قصور، نزد مصطفٰے آباد (رائیونڈ) مرکز الاولیاء لاہور)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی علمبردار غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے سربراہ امیرِ اہلسنّت ابو بلال محمد الیاس قادری زیدعلمہٗ وطول عمرہٗ اراکین مرکزی مجلسِ شوریٰ **دعوتِ اسلامی** کو تہہِ دل سے مُبارک باد پیش کرتا ہوں۔ **مَدَنی چینل** کے اِجراء سے دِل باغ باغ ہو گیا یہ بہُت اچھا اِقدام ہے اور اس میں اُمتِ مُسلِمہ کی اِصلاح بھی خوب ہے۔ مَیں دُعا گو ہوں کہ اللہ کریم عَزَّوَجَلَّ امیرِ

اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو عمرِ خضر عطا فرمائے اور اِسی طرح دین کا کام کرتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (319) حضرت پیر مخدوم سیّد نادِر علی شاہ ترمذی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت پیر بابا ترمذی علیہ رحمۃ اللہ الغنی، ضلع بونیر، صوبہ سرحد، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** کے آغاز پر دِلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ پوری دُنیا میں قرآن وسُنَّت کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی کا سُنّتوں بھرا پیغام گھر گھر تک پہنچ جائے۔ ہر گھر سے ذِکرِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی آواز بلند ہو جائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (320) حضرت مولانا اعجاز احمد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم راشدیہ نعیمیہ، ادیرو لعل ویلج، تعلقہ وضلع ٹمیاری، پنجاب، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت اور آپ کے رُفقاء کی اچھی سوچ ہے کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم

العالیہ کے خُصُوصی کرم سے جس کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ اِسلامی بہنیں جو باہر جاکر علمِ دین حاصل کرنے سے قاصر تھیں اب وہ اپنے گھر میں علمِ دین آسانی سے سیکھ سکتی ہیں۔مرد حضرات کے لیے بھی بڑا فائدہ مند ثابت ہوا ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہوگا۔یہ آپ کی اور پوری مجلس کی جانی مالی قربانیاں ہیں۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی ان قربانیوں کو اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے طفیل قبولیت کا شرف بخشے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (321) حضرت مولانا مفتی ایاز احمد حقانی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعۃ الاسلامیہ الفریدیہ، کانگڑہ شب قدر فورٹ، پشاور، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کا سُنّتوں بھرا اجتماع بخیر وعافیت انجام پذیر ہوا۔مَیں اپنی طرف سے اور تمام رُفقاء ومعاونین کی طرف سے دِلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دِین کی اس عالمی کوشش کو قبول فرمائے۔اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ امیرِ اہلسنّت مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کو صحت وعافیت نصیب فرمائے۔اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت صاحب کا سایہ تادیر قائم رکھے،آمین۔حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ

کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں، **مَدَنی چینل** کا شروع کرنا ایک اچھا اور مُستَحسن فیصلہ ہے اور وقت کی ضرورت ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (322) حضرت مولانا طاہر سلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر ماہنامہ ارمغانِ حمد، مہتمم حضرت علی مدرسۃ القرآن، اُردو بازار، باب المدینہ کراچی)

**اِس** بے راہ روی کے دور میں فَحاشی پھیلانے والے چینلوں کی بھر مار ہے۔ بُرائی تیزی سے پھیلائی جارہی ہے۔ان حالات میں **مَدَنی چینل** کا قیام باعثِ مَسرّت ہے۔راقم **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ اور **دعوتِ اسلامی** کی مزید کامیابی وترقّی کے لیے دُعا گو ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (323) حضرت مولانا حکیم اکمل حیات مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پرنسپل غوثیہ گرلز کالج، مٹھہ ٹوانہ، ضلع خوشاب، پنجاب، پاکستان)

**کبھی کبھی** دوستوں کے ساتھ کیبل پر **مَدَنی چینل** دیکھنے کا اِتّفاق ہوجاتا ہے۔اِنتہائی رُوح پرور پروگرام ہوتے ہیں اور **مَدَنی چینل** کا اِجراء

مَسلکِ اہلسنّت کی حقانیت کا بیّن ثبوت ہے اور اِیمان تازہ ہو جاتا ہے۔اس چینل کی تشنگی عرصۂ دراز سے محسوس کی جارہی تھی جوکہ دعوتِ اسلامی نے پوری کردی ہے۔

**میری** دُعا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی کے علم، عمل اور عمر میں بَرَکت عطا فرمائے، آمین۔جنہوں نے ایک تو باطِل کا توڑ **دعوتِ اسلامی** کے رُوپ میں ہم ناہنجاروں کو عطا فرمایا اور میرے کریم آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مُقدّس سُنّتوں کو ہم گناہ گاروں کے قُلُوب میں پیوست کردیا اور تین روزہ بینَ الاقوامی سُنّتوں بھرا اجتماع دُنیا میں حج کے بعد دوسرا بڑا رُوحانی ایمان افروز اجتماع کا رُوپ دھار گیا۔میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دست بِدُعا ہوں کہ میرے مولا کریم عَزَّوَجَلَّ مسلکِ اعلیٰ حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کو پوری دُنیا میں عام فرما اور اسے ہمارے قُلُوب واَذہان میں راسخ کردے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (324) حضرت خواجہ الحاج مخدوم محمد جاوید ارشد جمالی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ چشتی نظامی، مدینۃ الاولیاء ملتان شریف، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** بڑے میٹھے انداز میں اِسلام تیزی

سے پھیلا رہی ہے۔ بَہُت بڑے جذبے عقیدت ومحبت کے ساتھ پاکستان ہی نہیں بلکہ پُوری دُنیا میں **دعوتِ اسلامی** کام کررہی ہے۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلے سے امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّارؔ قادری** مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی کو صحت وتندرستی کیساتھ رکھے اور **دعوتِ اسلامی** پر آپ کا سایہ تا دیر قائم فرمائے، آمین۔

میں اپنی طرف سے **مدنی چینل** کو چلانے کے لیے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ **دعوتِ اسلامی** کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (325) حضرت صاحبزادہ پیر فیض مصطفٰی جمالی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(زیبِ سجادہ دربار عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ چشتی نظامی، مدینۃ الاولیاء ملتان شریف، پاکستان)

**انہوں** نے حضرت خواجہ الحاج مخدوم محمد جاوید ارشد جمالی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (326) حضرت علامہ مولانا سید غلام مصطفےٰ خالد مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم جامعہ مدینۃ العلوم بستی رڈان، فیضان ملوک شاہ، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

**خداوندکریم** عَزَّوَجَلَّ اپنے محبوبِ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے مُحسنِ اہلسنّت، محی المِلّۃ والدین، عالِمِ باعمل، یادگارِ اسلاف، نبّاضِ وقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم لقدسیہ کو اپنی حِفظ و امان میں رکھتے ہوئے درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، اور ان کا سایۂ عاطفت ہمارے سروں پر تادیر قائم ودائم رکھے اور ان کا فیض مزید عام فرمائے۔

**اُمت** کی اس زَبوں حالی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سے بڑا کام لیا ہے۔ آپ نے اس دور میں میڈیا کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے بروقت **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے کیونکہ کُفر و اِلحاد نے میڈیا کے ذریعے اُمتِ مُسلِمہ کو گمراہ کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہے اِسے خاک میں مِلانے کے لیے **مَدَنی چینل** کی اَہمیت ناقابلِ بیان ہے۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز حضرت امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی جدید تقاضوں سے آگاہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اور اِس چینل کے آغاز نے انہیں نبّاضِ وقت ثابت کیا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی**

**چینل** کو ہدایتِ اُمت کا بہترین ذریعہ بنائے اور امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّـہُ العَالِی کی قیادت میں **دعوتِ اسلامی** کو اَوجِ ثریّا کی بلندیاں عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (327) حضرت مولانا سید احمد سعید شاہ مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ، المعروف پنج پیر بادامی باغ، مرکز الاولیاء لاہور)

**اکثر** اوقات ناچیز کے ذِہن میں یہ خیال اُبھرتا تھا کہ اس جدید دور کے تقاضوں کے مطابق جہاں اہلسنّت و جماعت کے پاس دیگر ذرائع تبلیغ دستیاب ہیں۔ وہاں ایک ٹی وی چینل بھی ہونا چاہیے کیونکہ یہ اِس دَور کی اِنتہائی اہم ضرورت ہے۔ اور چینل ایسا ہونا چاہیے جس پر عقیدۂ حق اہلسنّت و جماعت کی ترویج و اِشاعت ہو اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور حُضُور سرورِ دو عالم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی **محبت** سکھائی جائے۔ ایک طویل عرصہ سوچتا رہا کہ یہ کام کون سی تنظیم سَر انجام دے سکتی ہے؟ کیونکہ کہیں سے اُمید کی کرن پھوٹتی نظر نہ آتی تھی۔ لیکن ایک دِن اچانک میرے دوست اسلامی بھائی سے معلوم ہوا کہ تبلیغِ دین کی عالمگیر جماعت **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کر دیا ہے تو میری خوشی کی اِنتہا نہ رہی۔ یہ حقیقتاً اِنتہائی اہم کارنامہ ہے

جو کہ **دعوتِ اسلامی** کے حصہ میں آیا ہے کیونکہ اس کے ذریعہ عقائد حقّہ کا پرچار ہوگا اور ساتھ ساتھ باطِل عقائد جو کہ ٹی وی چینلز پر پھیلائے جارہے ہیں ان کی بیخ کنی ہوگی۔ اس لیے لوگوں کے عقائد نہ صرف محفوظ ہوجائیں گے بلکہ اِن کی اِصلاح بھی ہوگی۔ میں آپ سے بلکہ آپ کی پوری ٹیم سے گزارش کروں گا کہ ٹرانسمیشن کا Setup ایسا بنایا جائے کہ عقائد اہلسنّت جو کہ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قُدِّسَ سِرُّہ العزیز کی تعلیمات کی روشنی میں ہیں اِن کے زیادہ سے زیادہ پروگرام پیش کیے جائیں۔

یہاں میں ایک عظیم خوشخبری کو رقم کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ **مَدَنی چینل** ایک ایسا عظیم کام ہے جسے تقریباً ہر طبقہ نے پسند کیا ہے۔ تادمِ تحریر بندۂ ناچیز کی جتنے لوگوں سے اس چینل کے سلسلہ میں گفتگو ہوئی ہر کسی نے یہی جواب دیا کہ اِنتہائی اچھا چینل ہے اور بڑی پیاری پیاری باتیں بتاتے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ مزید ترقّی دے۔ **آخر** میں بندہ اس عظیم کارنامہ پر **دعوتِ اسلامی** کے امیر و رہبر حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو بالخصوص اور آپ کے جُملہ رُفقاء کو بالعموم دادِ تحسین پیش کرتا ہے کہ انہوں نے وقت کی نزاکت سمجھتے ہوئے ایک عظیم اِصلاحی فریضہ سرانجام دیا۔ اور اُمتِ مُسلِمہ بالعموم اور نوجوان طبقہ کو بالخصوص غلط عقائد پر چلنے سے محفوظ رہنے کی سبیل

پیدا کی۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ جزائے خیر عطا فرمائے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارا حامی وناصر ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (328) حضرت مولانا محمد صدیق احمد محمدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مدینہ، کوٹلہ موسیٰ خان، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** جن شعبوں میں کام کررہی ہے وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ **دعوتِ اسلامی** کے تمام کارکنان کو مَیں خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور بالخصوص **مَدَنی چینل** کے اجراء پر مُبارکباد دیتا ہوں۔ کیونکہ اس کے ذریعے سے لوگوں تک حُبّ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور دعوتِ حق و نہی عن المنکر کا پیغام ہر ایک تک پہنچے گا، اور مسلکِ حق اہلسنّت وجماعت کی خوب ترجمانی ہوگی، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حق و باطِل میں خوب اِمتیاز ہوگا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو اپنے حِفظ و امان میں رکھے اور ان کا سایہ تادیر ہم پر قائم فرمائے، اور غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقّی ہی ترقّی سے نوازے، آمین ثُمَّ آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (329) حضرت مولانا ابوظفر محمد عبدالرشید قادری مُصطفَوی مُدَّظِلُّہُ العالِی

(تلمیذ خلیفہ مفتی اعظم ہند مفتی محمد حسین قادری سکھروی، مہتمم مدرسہ حنفیہ قادریہ رجسٹرڈ چھوٹا گلہ، راولاکوٹ کشمیر)

**ہمیں** اس بات پر بڑی خوشی ہے کہ مذہب حقہ اہلسنّت و جماعت کی ایک ایسی تنظیم موجود ہے جو **دعوتِ اسلامی** کے نام سے موسوم ہے اور اِشاعتِ اِسلام کے میدان میں کام کررہی ہے۔ جو کسی وقت ہمارے لیے ایک خواب تھا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو عُروج وترقّی عطا فرمائے جس نے دورِ جدید کے تقاضوں کو محسوس کرتے ہوئے کام آگے بڑھایا ہے، دعوتِ اسلامی کا مدنی کام پہلے اِشاعتِ کُتُب، پملفٹ اوراب ایک قدم آگے بڑھ کر **مَدَنی چینل** کی صورت میں ہمارے سامنے آیا اوراس **مَدَنی چینل** سے بہُت دُوردُور تک مؤثر پیغام اِسلام پہُنچ رہا ہے اورلوگ پاکیزہ اِسلامی زندگی جو سُنّتوں کے اَنوار سے نِکھری ہو، حاصل کررہے ہیں۔ ہمارے لیے ملتان کا اِجتماع، کُتُب کی نشرواِشاعت، **مَدَنی چینل**، انٹرنیٹ تک رسائی بڑی اہم کامیابی ہے۔ مجھے ذاتی طور پر اِتنی خوشی ہے کہ اس کا اِظہار میں الفاظ میں نہیں کرسکتا ہوں۔

**میری** دُعا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب لبیب محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ

واٰلہٖ وسلّم کے صدقہ میں کامیاب وکامران فرمائے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمام متعلقین دعوتِ اسلامی کو اِستقامت، خُلُوص اور وَلولہ تبلیغ کی قوتِ لازوال عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (330) حضرت مولانا محمد شبیر ہزاروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر پولیس، اسلام آباد، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** اللہ عَزَّوَجَلَّ اورحُبِّ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے معمور دِینی مسائل کی اِشاعت اور عقائد اہلسنّت کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ بحرمتِ نبی مختار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اہلسنّت کے اس فیضان کو جاری و ساری رکھے۔ اور جتنے مُخلِصین اس عظیم تحریک کیلئے سعی کررہے ہیں بلکہ جمیع اہلسنّت کی دِینی تحریکوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کامیابی سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (331) حضرت مولانا مفتی محمد سلیمان رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم انوارِ رضا، منگتال ٹاؤن، راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** بِلاشُبہ {وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ (پ ۱۰ الانفال

٦٠)**ترجَمۂ کنزالایمان** : اوران کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بَن پڑے } کا تقاضا اِنتہائی ضروری تھا اور یہ ضرورت آپ نے پوری کی۔ اہلسنّت کے لیے **دعوتِ اسلامی** کی خدمات قابلِ ستائش وتشکّر ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (332) حضرت مولانا حافظ محمد حق نواز جدون مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ نظامیہ رضویہ گاؤں چک ماجیہ گلی، تحصیل وضلع ایبٹ آباد، سرحد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** اس پُرفِتَن دور میں صبح کا ستارہ ثابت ہوگا۔اس وقت جہاں پروگرامز اور فلموں میں بے حیائی اور فحاشی دِکھا کر دُنیا کو گمراہ کیا جارہا ہے اور ہر کوئی اس میں ایک دوسرے سے آگے نکل جانا چاہتا ہے۔ وہاں ایسے پروگرامز اور چینل نہایت ضروری ہیں۔ جہاں پر اِیمان اَفروز پروگرام اِیمان کو جِلا بخشنے والے مقامات مثلاً مدینہ طیّبہ، مکہ مکرّمہ زَادَھُمَا اللّٰہ شَرفًاوَّ تَعظِیمًا سرکارِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا مزارِ اَقدس، حُضُور غوثِ اعظم، حُضُور سیِّدی اعلیٰ حضرت اور دیگر مشائخ واولیاء کرام رضی اللّٰہ تعالٰی عنہم کے مزارات جو ہر مؤمن کے دِل میں ایمان کی جِلا بخشتے ہیں۔ مگر ہر کوئی اِن تک رسائی نہیں رکھتا کہ دیکھ کر ہی اپنی پیاس بجھالے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

آپ کو اپنے حِفظ و امان میں رکھے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (333) حضرت مولانا سید مؤمن شاہ جیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم، لیوز تھانہ روڈ وارڈ نمبر۲، خاران، بلوچستان، پاکستان)

**خاران** بلوچستان ایران کے باڈر پر ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ابھی کچھ مہینے سے ہمیں **مَدَنی چینل** بھی ٹی وی پر نظر آنا شروع ہو گیا ہے۔ ملتان اجتماع کے مختلف پروگرام براہِ راست ہم نے یہاں **مَدَنی چینل** پر دیکھے۔ ہم خود اور ہمارے بچے بھی **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں اور اپنے دوست احباب کو بھی **مَدَنی چینل** دیکھنے کی ترغیب دے رہے ہیں۔ **مَدَنی چینل** چلنے کی وجہ سے کافی لوگوں کی اِصلاح ہوئی ہے۔

**ہمیں** بڑی خوشی ہے کہ اِس دور میں میڈیا کا بڑا کردار ہے، **مَدَنی چینل** کو کافی لوگ دیکھ رہے ہیں اور اس سے اِستفادہ کر رہے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی رات چوگنی ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (334) حضرت مولانا محمد نور احمد ریاض مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین خلیفۂ اوّل علامہ کاظمی مولانا عبدالقادر سعیدی رحمۃ اللہ علیہما، نشیمن کالونی، مدینۃ الاولیاء ملتان، پاکستان)

**مَدَنی چینل** اہلسنّت وجماعت پر اللہ تعالیٰ کا اِحسانِ عظیم ہوا جو روحانی تربیت گاہ کے علاوہ مسائلِ دِینیہ کا ایک انسائیکلوپیڈیا ہے۔ دِینی لحاظ سے جو بھی نعمت **مَدَنی چینل** سے ملتی ہے وہ اہلسنّت وجماعت کے لیے سیاہ رات کی تاریکیوں میں ایک بدرِ کامل ہے۔ اَمیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے حضور کیا ہدیۂ تبریک پیش کیا جائے۔ یہ اہلسنّت کی قلبی، دِینی اور روحانی کیفیّات کو اپنے مکاشفۂ جلیلہ سے کشفِ حقیقی کی صورت میں گم شُدہ قافلہ کو تاریک راستوں سے نکال کر شمشیرِ ہدایت کی روشنائیوں میں لاکر ہدایت کا مینارۂ نُور ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اہلِ سُنَّت وجماعت کو اس **مَدَنی چینل** سے کماحقہٗ فیضیاب فرمائے، آمین۔

این دعا از من وجملہ جہاں آمین باد

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (335) حضرت مولانا عبدالغفور قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ مفتی محمد امین دام ظلہ خطیب جامع مسجد صدر، محلّہ اسلام نگر، بہاولنگر، پنجاب، پاکستان)

اَللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اَللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں شیخِ شریعت وطریقت حُضُور قِبلہ امیرِ اہلسنّت عم فیوضھم کے ذریعے سے **دعوتِ اسلامی** کا وجود عطا فرمایا اور اس سے بڑھ کر خوشی کی بات یہ ہے کہ میڈیا پر ہمارا کوئی خالصتاً مذہبی چینل نہیں چل رہا تھا یہ بھی قبلہ امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے فیضان اور مُبلّغین کی اَنتھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج ہمارا ایک خالصتاً اور مذہبی چینل موجود ہے۔ اُستاذی قبلہ حضرت علامہ مفتی محمد امین صاحب (بہاولنگر) نے حکم فرمایا کہ مَیں **مَدَنی چینل** کے بارے میں اپنے تأثرات لکھوں۔ میری یہی دُعا ہے اَللہ ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** کو دن دُونی رات چُوگنی ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (336) حضرت مولانا محمود احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم مالیات سُنّی حنفی علماء کونسل، خطیب جامع مسجد باباخاکی شاہ، راجہ جنگ، قصور، پنجاب، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** نے عظیم الشّان سِلسلۂ تبلیغ کے لیے **مَدَنی چینل** کی صورت میں بہُت عظیم کارنامہ سَر انجام دیا اس پر ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اُمید رکھتے ہیں کہ **دعوتِ اسلامی** اس عظیم **مَدَنی چینل** کو ہمیشہ کے لیے

جاری رکھے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (337) حضرت مولانا قاضی منظور احمد چشتی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد اہلِ سنت و جماعت سید حامد علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، کمپنی باغ، گلزار طیبہ (سرگودھا) پنجاب، پاکستان)

**اِس** حقیقت سے اِنکار نہیں کہ اِس پُرفِتَن دور میں اِسلام کی تبلیغ، اِشاعتِ دین، مسلمانوں کے دِلوں میں عشقِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو اُجاگر کرنا اور مَسلکِ حق کو عالَمِ اِسلام میں روشناس کرانے جیسے اَہم کاموں کا فریضہ جس طرح **دعوتِ اسلامی** نے ادا کیا ہے موجودہ دور میں اس کی مِثال نہیں ملتی۔ لیکن مذکورہ سارے کام میڈیا کے ذریعے منظرِ عام پر نہیں آ رہے تھے، جس کی وجہ سے بعض باطِل عناصرِ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو گمراہ کر رہے تھے۔ ضرورت اس اَمر کی تھی کہ جو لوگ اِسلام کی حقیقت اور عقائد سے ناواقفیت کی بنا پر اپنی آخرت خراب کر رہے ہیں اِن کو راہِ راست پر لانے کے لیے کون سا ذریعہ اختیار کیا جائے۔ چُنانچِہ **عاشقانِ رسول** کی اس ضرورت کو **مَدَنی چینل** نے پورا کر دیا۔

**پچھلے** دنوں **مَدَنی چینل** پر جعلی پیروں کے بارے میں ایک

معلوماتی پروگرام نشر ہوا جس کو مَیں نے بہُت پسند کیا۔ میری رائے ہے کہ عقائد کے موضوع پر بیانات، خطابات اور عوام کو عقائد کے سلسلے میں پیش آنے والے مسائل کو زیادہ سے زیادہ جاری کیا جائے تا کہ عوام الناس کو فائدہ ہو۔

**میری** دُعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ جلّ جلالہٗ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے تَصدُّق سے **دعوتِ اسلامی** کی اس کاوش **مَدَنی چینل** کو قبول فرمائے اور تمام مسلمانوں کے لیے نافع بنائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (338) حضرت مولانا قاری محمد امیر عالم مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ ادارہ تعلیماتِ مجددیہ 400، شادمان، جیل روڈ، مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کے قیام پر اِنتہائی خوشی ہوئی، ''دیر آید دُرست آید''، مکمل اِسلامی چینل چلانے کے مشورے بہُت سے مشائخ عظام کو پیش کئے مگر یہ حصہ **دعوتِ اسلامی** کا تھا۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے اِس **مَدَنی چینل** کو دِن دُونی رات چُوگنی ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (339) حضرت مولانا پروفیسر میر ناظر اقبال شہباز مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(پروفیسر گورنمنٹ ڈگری کالج چکار، مظفر آباد، کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی اجتماع بڑے ہی دِلنشین انداز میں بخیر و عافیت مُنعقِد ہوا۔ اس پر دِلی مبارک باد پیشِ خدمت ہے۔ علاوہ ازیں **دعوتِ اسلامی** نے وقت کی نبض کو جانچتے ہوئے اور اُس کی رفتار کو سمجھتے ہوئے جس طرح اپنے لٹریچر سے دُنیا کو سُنَّتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پابند بنایا اور **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے ایک عظیم اِقدام دُنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے بارے میں راقم اِتنا ہی کہے گا کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی وجہ سے دینِ محمدی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور محبت مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی لہریں پوری دُنیا کے لوگوں کے قُلُوب واَذہان سے ٹکرائیں گی۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور ہمیں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی عظیم دولت عطا فرمائے، آمین۔

قصہ مختصر یہ کہ راقم **دعوتِ اسلامی** کے ہر اِقدام کے متعلق یہی الفاظ کہے گا:

اَللّٰہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے **دعوتِ اسلامی** تِری دھوم مچی ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (340) حضرت مولانا عبدالحق نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدیہ، بوستان کالونی، گلی نمبر 7، مرکز الاولیاء لاہور)

**آج** اس نازُک دور میں اُمتِ محمدیہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں بے راہ راوی بےاَدَبی، بے حیائی اورعُریانی کا طوفان آ گیا ہے۔اس کوختم کرنے کے لیے ہماری تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر سُنّتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بَہُت زیادہ کامیابی سے اُبھر رہا ہے۔دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیرِ اہلسنّت حضرت پیرطریقت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے اِصلاحی بیانات سے اُمتِ محمدیہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو آنے والے وقت میں عظیم تر کامیابی عطا فرمائے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (341) حضرت پیر سید افتخار حسن گیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ قادریہ شمس محل، اوچشریف، بہاولپور، پنجاب، پاکستان)

**موجودہ** دور میں الیکٹرانک میڈیا کی بڑی اہمیت ہے۔ اکثر چینلز فحاشی

وعُریانی پھیلانے کے ساتھ ساتھ اِسلام دشمنی میں بھی پیش پیش ہیں۔اسی اثناء میں **مَدَنی چینل** کا آغاز بلاشُبہ وقت کی بڑی ضرورت تھی۔آپ سب لوگ مبارکباد کے مُستَحق ہیں۔دُعا ہے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنے نیک مقاصد میں کامیابی عطافرمائے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (342) حضرت مولانا قاری محمد فیصل ندیم کیلانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ رضویہ انوار الحدیث، گوجرانوالہ روڈ، حافظ آباد سٹی، پنجاب، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** درحقیقت دورِ حاضر میں اہلسنّت کی عزّت کا نام ہے،کون ہے جو اپنی عزت میں بلندیاں نہیں چاہتا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوت اسلامی** کا پلیٹ فارم تحریر اور تقریر کے ذریعے جس قدر رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی غلامی کا حق ادا کررہا تھا اس کے ساتھ ساتھ میڈیا کے ذریعے ہماری تبلیغی کوششیں زیرِ وتھیں جونہی **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میڈیا میں اہلسنّت راج کرنے لگے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کرتے رہیں گے۔لوگوں تک باطِل سے مبّراء دین کا پیغام پہُنچ رہا ہے،اور اس سارے کام کا کریڈٹ **امیرِ دعوت**

**اسلامی** دامت برکاتہم العالیہ کو جاتا ہے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو مزید بلندیاں اور عظمتیں عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (343) حضرت مولانا محمد صادق مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم الکلیۃ الغوثیہ للبنات بھوتھ، سیالکوٹ، پنجاب، پاکستان)

**ہمارے معاشرے میں ایک سازش کے تحت بے حیائی پھیلائی جارہی ہے** اور یہود ونصارٰی مسلمانوں کی نئی نسل کو اِسلام اور نظریۂ اِسلام سے بَرگشتہ کرنے کی پوری کوشش کررہے ہیں، پوری دُنیا کا میڈیا شیطانی اُمور کو پھیلانے اور عام کرنے میں لگا ہوا ہے۔ اِن حالات میں **مَدَنی چینل** اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت اور اِطاعت کا پرچار کرکے ایک بہُت بڑا تبلیغی فریضہ انجام دے رہا ہے۔ ہم اس چینل کے شروع کرنے پر آپ کو تہِ دِل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (344) حضرت مولانا حکیم سید غلام اصغر شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

**دعوتِ اسلامی** کے اس عظیم کارنامے **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر

میں مُبارکباد پیش کرتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کودن دُونی رات چُوگنی ترقّی ہی ترقّی ہو، آمین۔ مَیں بہُت ہی خوش ہوں کیونکہ اس کے ذریعے سے حق و باطِل میں فرق واضح ہوگا۔ مَسلکِ حق کی ترجمانی ہوگی اور اِسلامی پروگرام ہوا کریں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (345) حضرت مولانا عبدالوہاب سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم قادریہ سکندریہ، پکاچانگ، ضلع خیرپورمیرس، پنجاب، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لله** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے ہر میدان میں خوب کام کیا ہے، ایک اہم میدان جو کہ خالی تھا اور اِس پُرفِتَن دور میں شیطانی طاقتیں اپناحَربہ چلا رہی ہیں، ایسے وقت میں **دعوت اسلامی** نے **مَدَنی چینل** شروع کرکے بہُت اَہم کام کیا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کومزید ترقّی عطا فرمائے، اٰمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (346) حضرت مولانا محمد اشرف علی سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت، خطیب جامع مسجد یارسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم، کاہنہ نو، مرکز الاولیاء لاہور)

**اہلسنّت** میں اِلیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر کام نہ ہونے کے برابر تھا۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے آپ نے باطِل قوتوں کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے اِس کمی کو بڑی حد تک پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ملکی اور بینَ الاقوامی سطح پر مؤثر اور دِلنشین اَنداز میں قرآن وسُنَّت کا صحیح پیغام عوام تک پہنچے گا۔ **مَدَنی چینل** کے شروع کرنے پر **دعوتِ اسلامی** کے تمام ذِمّہ داران کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !      صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (347) حضرت پیر خواجہ اعجاز الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت مُنشی غلام حسن شہید، محلّہ آغا پورہ، بیرون گیٹ، مدینۃ الاولیاء ملتان، پنجاب، پاکستان)

**اہلسنّت** کے پیغام وفروغ کے لیے میڈیا کا اِستعمال بہُت ضروری ہے۔ اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** مسلمانوں میں مذہبی وعقیدے کا اِنقلاب لائے گا۔ میڈیا کے دور میں خالصتاً اِسلامی چینل کی کمی محسوس کرنے والے اہلِ محبت اور اہلِ درد

کی اس خواہش اور ضرورت کو **مَدَنی چینل** نے بطریقِ اَحسَن پورا کر دیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (348) حضرت مولانا عطاء المصطفٰی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دار العلوم چشتیہ رضویہ، چشتیہ روڈ، پہاڑ پور، ڈیرہ اسماعیل خان، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے لیے ہمارے بھی یہی جذبات ہیں، جو دوسرے علمائے کرام کے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کے قیام پر سب کو خوشی ہونی چاہیے کیونکہ یہ وقت کی اَہم ضرورت تھی۔ ہمیں اُمید ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے دوسرے شعبہ جات کی طرح **مَدَنی چینل** بھی دینِ اسلام کی تبلیغ اور مسلکِ حق اہلسنّت و جماعت کی ترویج کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت امیر اہلسنّت اور جملہ علماء اہلسنّت کَثَّرَ ھُمُ اللہ تعالٰی کی حفاظت فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (349) حضرت مولانا پیر سید محمد فاروق القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین خانقاہ قادریہ، گڑھی اختیار خان، رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کا آغاز **دعوتِ اسلامی** کا بہُت ہی بَر وقت، منفرد اور

خُصُوصی کارنامہ ہے۔ اس برق رفتار ماحول میں دینِ اِسلام کی دعوت اور پیغام کو الیکٹرانک میڈیا پر پیش کرنا بَہُت بڑی دِینی خدمت ہے۔ سبز سبز گنبد کی نسبت سے ملک کے نوجوانوں میں سبز عمامہ کی علامت سے جو دِینی اِنقلاب پیدا ہوا ہے اور جس طرح معیاری ثقہ اور سلف کے انداز کا سلیس لٹریچر سامنے آرہا ہے، اس کا سارا سہرا بانیٔ دعوتِ اسلامی، امیرِ اہلسنّت، منظورِ نگاہِ رِسالت حضرت علامہ ابو بلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم اور ان کی ساری ٹیم کے سر ہے، خدا کرے عشقِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام کا یہ قافلہ ہمیشہ رَواں دَواں رہے اور یہ میکدہ ہمیشہ آباد و شاد رہے۔ میں ہر وقت دُعا کا طلبگار ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (350) حضرت مولانا ابوالبرہان محمد امان اللہ فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی دارالعلوم حنفیہ ضیاء القرآن، راجہ جنگ، قصور، پنجاب، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** قرآن وسُنَّت کی تبلیغ ہو، مساجد و مدارسِ دینیہ کی تعمیر ہو، اِسلامی علوم وفنون کی تدریس ہو، درسی کُتُب پر حواشی اور کتبِ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربّ العزّۃ کی تخریج ہو،

راہِ ہدایت سے بھٹکے ہوئے نوجوانوں کے کردار و افعال کی تعمیر ہو، مساجد و مدارس میں بالغان کی تعلیم ہو، غلامانِ مصطفٰے کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قُلُوب و اَذہان میں شمعِ عشقِ مصطفوی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم فروزاں کرنے کی ترغیب ہو، ہر میدان میں اپنی پوری آب وتاب سے ہمہ تن گامزن نظر آرہی ہے۔ اِتنے قلیل عرصہ میں اِتنا کثیر اور عظیم کام حضرت امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کی زندہ و جاوید کرامت ہے۔ پرنٹ میڈیا پر تو **دعوتِ اسلامی** اپنی پوری آب وتاب سے جگمگا رہی تھی لیکن الیکٹرانک میڈیا کا میدان ابھی خالی تھا۔ چُنانچہ **دعوتِ اسلامی** کے پلیٹ فارم سے جاری ہونے والے **مَدَنی چینل** نے الیکٹرانک میڈیا کے میدان میں اپنے پاکیزہ کارہائے نمایاں سرانجام دینے شروع کر دیئے ہیں۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز پر میں **دعوتِ اسلامی** کی تمام مجالس کو صَمیمِ قلب سے مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔ **مَدَنی چینل** فحاشی و عُریانی کی اندھیر نگری میں راہِ ہدایت کا روشن چراغ ہے۔ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کا عظیم ترجمان ہے، موجودہ نفسانی دور میں وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ گھر گھر میں قرآن وسُنَّت کا **نُور** پہنچانے کا ذریعہ ہے۔ بگڑی ہوئی نوجوان نسل کے قُلُوب و اَذھان میں شمعِ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم فروزاں کرنے کا سامان ہے، **مَدَنی**

**چینل** سے قرآن وسُنَّت کے نُور سے مَعمور رہونا حضرت قبلہ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کا فیضان ہے، جن کے اشارہ اَبرو پر **دعوتِ اسلامی** کا بچہ بچہ قربان ہے، **دعوتِ اسلامی** پر مکینِ گنبدِ خضرا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فیضان ہر آن ہے، اِسی فیضان سے اہلسنّت و جماعت کی شان ہے، **اَللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حضور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے نعلینِ اَقدس کے صدقے حضرت قبلہ امیر اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی، سالارِ قافلہ عشق و محبت، پیرِ طریقت، راہبرِ شریعت، علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو صحت و عافیت کے ساتھ ساتھ عمرِ خضر عطا فرمائے اور آپ کے فیض لاثانی سے ہر مسلمان کو مُستَفِید و مُستَفِیض فرمائے اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَناتِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ اَجْمَعِیْن بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (351) حضرت مولانا قاری محمد قاسم چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد چھنی شہر براستہ رِوات، ضلع وتحصیل راولپنڈی، پنجاب، پاکستان)

بڑی خوشی ومَسرّت کی بات ہے کہ **مَدَنی چینل** کا آغاز

ہو چکا ہے۔ اس سے پوری دُنیا میں دِین واسلام کی اِشاعت ہو گی۔ اس اِشاعت سے اہلسنّت و جماعت کا پرچم بلند ہوگا، بدعقیدگی کا خاتمہ ہو گا۔ چونکہ **دعوتِ اسلامی** بہترین انداز میں تبلیغی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے۔ اِس دور میں آج ہم جس چیز کا شکار ہیں وہ بے حیائی کا عُروج ہے۔ **مَدَنی چینل** سے بے حیائی پر کافی حد تک کنٹرول ہوجائے گا۔ جس سے ایک مدنی ماحول پیدا ہوجائے گا۔ **مَدَنی چینل** پر اللہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عشق ومحبت کی باتیں ہوں گی۔ جس سے ہر مردوزن کی توجہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی طرف ہوجائے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (352) حضرت مولانا ابوطاہر علی اصغر شاہ سہروردی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ حنفیہ رضویہ فیض العلوم، حویلی لانگ، جلال پور پیروالا، ضلع ملتان، پنجاب، پاکستان)

**اہلسنّت** کی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** جوکہ ہر شعبہ میں کامیابی حاصل کررہی ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ ہماری اس تحریک **دعوتِ اسلامی** کو ہر میدان میں ترقّی عطا فرمائے۔ آپ (امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی) نے اور آپ کے تمام رُفقاء

نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، یہ بہُت ہی اچھا قدم ہے کیونکہ آج کل نوجوان نسل دوسرے چینل دیکھ کر بہُت خراب ہورہی تھی لیکن **مَدَنی چینل** نے اِن کو راہِ راست پر لانے کے لیے بہُت ہی بہتر اقدام کیا ہے۔ یہ وقت کی اَہم ضرورت ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کارِ خیر میں مزید تقویت عطا فرمائے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ قبلہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو خضری حیاتی عطا فرمائے، آمین ثُمَّ آمین۔ ملتان شریف کا اجتماع اور تمام دُنیا میں خُصوصاً پاکستان میں سُنّتوں کی بہار آپ ہی کے طفیل سے ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کے تمام علمائے کرام اور تمام عوام اہلسنّت کی خیر فرمائے اور ہمارے اہلسنّت کے تمام مدارِس کو ترقّی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (353) حضرت حکیم حاجی خوشی محمد چاوڑہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(گنداخہ، ضلع جعفرآباد، بلوچستان، پاکستان)

**مَدَنی چینل** نے ایسا کام کیا ہے کہ لوگ بے اختیار سُبحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کہتے ہیں۔ جو لوگ **حضرت قِبلہ پیر صاحب** کی زیارت کو ترستے تھے، آج گھر بیٹھے اُن کی زیارت کر رہے ہیں، جن کے چہرے میں رونق ہے، متأثر کرنے والی

ہستی ہے۔خاص کر عورتوں کو زیادہ فائدہ ہوا ہے۔اب آپ کے **مَدَنی چینل** نے کئی لوگوں کو بدعقیدگی سے بچالیا ہے۔اس چینل کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے خود روحانی طور پر چلایا ہے اور **مَدَنی چینل** پر سُبحٰنَ اللّٰہ آپ کا ترجمہ ہی بیان ہو رہا ہے۔مَیں مساجد میں یہ اعلان کراتا ہوں **مَدَنی چینل** سنو، **مَدَنی چینل** سنو۔میں نے 45 گوٹھوں میں کیبل اور بوسٹر لگوائے ہیں تاکہ یہ چینل سُنا اور دیکھا جاسکے۔جو میرے پاس مریض آتے ہیں ان کو کتابیں دیتا ہوں،ساتھ ہی **مَدَنی چینل** دیکھنے کی تاکید بھی کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد


## (354) حضرت مولانا محمد عارف فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی


(صدر مدرس جامعہ رضویہ مظہر الاسلام، بیٹ میر ہزار، تحصیل جتوئی، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

**فقیر** آپ کے بین الاقوامی سُنّتوں بھرے اجتماع اور **مَدَنی چینل** کی جتنی تعریف کرے، کم ہے۔اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اپنے محبوب اعظم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ **دعوتِ اسلامی** کو قائم رکھے،آمین ثُمَّ آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد






اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے مَدَنی ماحول میں بکثرت سنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجا ہے۔ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں بہ نیتِ ثواب سنّتوں کی تربیت کیلئے سفر اور روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کرکے ہر مَدَنی ماہ کے ابتدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے پابندِ سنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کیلئے کڑھنے کا ذہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذہن بنائے کہ **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"** اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے **"مَدَنی انعامات"** پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے **"مَدَنی قافلوں"** میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

## مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

- کراچی: شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی فون: 021-32203311
- لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ۔ فون: 042-37311679
- سردارآباد (فیصل آباد): امین پور بازار۔ فون: 041-2632625
- کشمیر: چوک شہیداں، میرپور۔ فون: 058274-37212
- حیدرآباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن۔ فون: 022-2620122
- ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 061-4511192
- اوکاڑہ: کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد، نزد تحصیل کونسل ہال۔ فون: 044-2550767
- راولپنڈی: فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ۔ فون: 051-5553765
- پشاور: فیضانِ مدینہ، گلبرگ نمبر 1، النور اسٹریٹ، صدر۔
- خان پور: درانی چوک، نہر کنارہ۔ فون: 068-5571686
- نواب شاہ: چکرا بازار، نزد MCB۔ فون: 0244-4362145
- سکھر: فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ۔ فون: 071-5619195
- گوجرانوالہ: فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ۔ فون: 055-4225653
- گلزارِ طیبہ (سرگودھا): فیضانِ مدینہ [illegible] فون: 048-6007128


مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)

فون: 021-34921389-93 Ext: 1284

Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net